# 23-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ معصوم لوگوں کو ہلاک کرنے والوں کو کسی بھی حال میں بخشا نہیں جائے گا۔
۲۔مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج اس بات کو دہرایا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کی پالیسی صفر رواداری پر مبنی رہے گی۔
۳۔بی وی ویلفیر کے وزیر نے کہا ہے کہ حکومت ریاست میں غریبوں کی بھلائی کیلئے مختلف پروگرام شروع کرتی رہے گی۔
۴۔ریاست تلنگانہ میں مختلف اضلاع میں گرمی کی لہر برقرار ہے۔جبکہ بعض اضلاع میں آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

KISHAN:

مرکزی وزیر و ریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی نے جموں و کشمیر کے علاقہ پہلگام میں سیاحوں پر کیے گئے دہشت گرد حملہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کی ہے۔انہوں نے اِس واقعہ کو شرمناک عمل قرار دیا اور اِس بات کو یاد دلایا کہ پاکستان، خطہ میں امن کو متاثر کرنے کے لئے مسلسل کوششیں کررہا ہے۔وزیر نے آج ٹینک بینڈ پر واقعہ امبیڈکر مجسمہ پر پہنچ کر مہلوکین کو خراج پیش کیا۔وہ سیاہ لباس میں ملبوس تھے اور قومی پرچم تھامے ہوئے تھے۔اِس موقع پر کشن ریڈی نے کہا کہ پاکستان کی نا اہل قیادت اس طرح کے دہشت گرد واقعات کا نتیجہ ہے۔وزیر نے اعلان کیا کہ ذمہ داروں کے خلاف کسی بھی طرح کی ہمدردی نہیں کی جائے گی۔کشن ریڈی نے تلنگانہ بھر کے عوام پر بھی زور دیا کہ متحد ہو کر اِس واقعہ کے خلاف احتجاج کریں۔

POLLING:

حیدرآباد کے مقامی عہدیداروں کے حلقہ کے تحت ریاستی قانون ساز کونسل کے الیکشن کے لئے رائے دہی کا عمل آج شام اختتام پذیر ہوا۔اِس نشست کیلئے کل ہند مجلس اتحاد المسلمین اور بی جے پی پارٹی کے امیدوار میدان میں ہیں۔عظیم تر بلدیہ حیدرآباد کی جانب سے اس کے ہیڈ کوارٹرس پر صبح 8 بجے سے شام 4 بجے تک رائے دہی کے لئے مکمل انتظامات کئے گئے تھے۔سرکاری ذرائع کے مطابق 112 ووٹرس، جی ایچ ایم سی کے کارپوریٹرس اور اس کے 6 با اعتبارِ عہدہ ارکان نے ووٹ ڈالا۔اس نشست کے لئے بی جے پی کے گوتم راؤ اور مجلس کے امیدوار مرزا ریاض الحسن آفندی کے درمیان مقابل ہے جیسا کہ حکمراں کانگریس پارٹی نے اپنا امیدوار کھڑا نہیں کیا ہے۔بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا کہ ان کی جماعت نے الیکشن سے دور رہنے کا فیصلہ کیا ہے کیونکہ اس کے پاس اِس نشست کو جیتنے کے لئے درکار طاقت نہیں ہے۔

ووٹوں کی گنتی 25 اپریل کو ہوگی۔

J&k - HM - UPDATE:

مرکزی وزیرداخلہ امیت شاہ نے کہا ہے کہ کشمیر کے ضلع اننت ناگ کے علاقہ پہلگام میں ہوئے دہشت گرد حملہ میں اپنے پیاروں سے محروم ہونے کا درد ہر ہندوستانی محسوس کررہا ہے۔ انہوں نے مہلوکین کے تمام افرادِ خاندان اور سارے ملک کو یقین دلایا کہ معصوم لوگوں کو ہلاک کرنے والے دہشت گردوں کو کسی بھی حال میں بخشا نہیں جائے گا۔ امیت شاہ نے سری نگر میں واقع پولیس کنٹرول روم میں مہلوکین کی لاشوں پر گلہائے عقیدت پیش کئے۔ وزیرداخلہ نے اس موقع پر کہا کہ ملک دہشت گردی کو کبھی معاف نہیں کرے گا جبکہ اس واقعہ میں ملوث افراد کو چھوڑا نہیں جائے گا۔ وزیرداخلہ نے جموں و کشمیر کے بیسارن جنگلاتی علاقہ میں پیش آئے اس واقعہ کے تعلق سے آج تمام تر تفصیلات حاصل کیں۔ انہوں نے گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ ہاسپٹل میں زیرعلاج زخمی افراد کی صحت کے تعلق سے بھی واقفیت حاصل کی۔

HEATWAVE:

تلنگانہ شدید گرم موسم سے ہنوز دوچار ہے جبکہ درجہ حرارت میں کمی کا کوئی امکان نظر نہیں آتا۔ ریاست کے 9 اضلاع میں کل اعظم ترین درجہ حرارت 44 یا اس سے زیادہ ڈگری سلسیس درج کیا گیا۔ تلنگانہ اسٹیٹ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی کے اعداد و شمار میں یہ بات بتائی گئی۔ اعظم ترین درجہ حرارت ضلع نرمل کے علاقہ دستورآباد میں درج ہونے کی رپورٹ ملی ہے جہاں 44.5 ڈگری درج کیا گیا۔ اسی طرح عادل آباد میں موالا اور نظام آباد میں مندورا میں 44.4 ڈگری درجہ حرارت ریکارڈ ہوا۔ منچریال کے منڈل بھیمارم میں اعظم ترین درجہ حرارت 44.3 اور اس کے بعد جئے شنکر بھوپال پلی کے علاقہ مادھوپور میں 44.2 ڈگری سلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ مابقی 24 اضلاع میں درجہ حرارت 41 اور 44 ڈگری کے درمیان درج کیا گیا۔ اسی دوران محکمہ موسمیات کے دفتر نے پیش قیاسی کی ہے کہ ریاست کے اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، میدک، کاماریڈی اور محبوب نگر میں مختلف مقامات پر گرمی کی لہر برقرار رہے گی۔ ان اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے جبکہ مابقی اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

DAY IPL:

انڈین پریمیر لیگ T20 ٹورنمنٹ میں آج شام راجیو گاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد اور ممبئی انڈینس کے درمیان میاچ کھیلا جائے گا۔ یہ میاچ شام ساڑھے سات بجے سے شروع ہوگا۔ کل شب دہلی کیپٹلس نے لکھنؤ کے ایکانا اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک میاچ میں میزبان ٹیم لکھنؤ سوپر جینٹس کو 8 وکٹ سے شکست دی۔ آج شام کھیلے جانے والے

میاچ کے دوران تمام کھلاڑی، کشمیر حملہ کے خلاف بطورِ احتجاج اپنے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر میدان میں اتریں گے۔

START - UPS:

چیوڑلہ کے رکن لوک سبھا کونڈا ویشویشور ریڈی نے آج اس بات کی ضرورت پر زور دیا ہے کہ اسٹارٹ اَپس کو تجارتی طور پر کامیاب ہونے کی ضرورت ہے تا کہ سائنٹفک ریسرچ کے فائدے عام آدمی تک پہنچ سکیں۔ حیدرآباد میں آج سی ایس آئی آر اسٹارٹ اَپس کانکلیو کے دوسرے و آخری دن خطاب کرتے ہوئے ریڈی نے کہا کہ ہر کسی کو مخصوص معلومات کے بجائے بنیادی معلومات کو فروغ دینا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ وہ نوجوان سائنسدانوں سے اِس بات کے خواہاں ہیں کہ قدیم روایت کو سمجھیں اور مصنوعی ذہانت کے ذریعہ اسے سمجھیں۔

Sound Byte Konda Visweshwar Reddy

مختلف اسٹار اَپس کمپنیوں کے نمائندوں نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس سے پہلے ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں پہلگام دہشت گرد حملہ کے مہلوکین کو خراج پیش کیا گیا۔ اس موقع پر سی ایس آئی آر۔ انڈین انسٹیٹیوٹ آف کیمیکل تکنالوجی، آئی آئی سی ٹی کے ڈائرکٹر ڈاکٹر سرینواس ریڈی، سی ایس آئی آر سنٹر فار سیلولر اینڈ مولیکیولر بائیولوجی ڈائرکٹر ونئے نندی کوری، سی ایس آئی آر نیشنل جغرافیکل ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے ڈائرکٹر ڈاکٹر پرکاش کمار نے بھی خطاب کیا۔

TUR PROCUREMENT:

مرکزی حکومت نے سال 2024-25 کیلئے تور، اوڑد اور مسور کی دال کے لئے اقل ترین امدادی قیمت کے تحت پیداوار کی صد فیصد قیمت پر خریدی کی منظوری دی ہے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ یہ فیصلہ کسانوں کی جانب سے گھریلو پیداوار میں اضافہ کے مقصد کو ذہن میں رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے 8 ریاستوں بشمول تلنگانہ اور آندھرا پردیش کے لئے یہ منظوری دی ہے۔

PONNAM:

ریاستی وزیر پونم پربھاکر، سدی پیٹ کلکٹر مانو چودھری اور دیگر عہدیداروں نے کوہیدا منڈل کا دورہ کرتے ہوئے سبسیڈی پر فراہم کئے جانے والے باریک چاول سے استفادہ کرنے والے ایک شخص چندریا کے افراد خاندان کے ساتھ دوپہر کا کھانا کھایا۔ اس موقع پر وزیر نے کہا کہ حکومت نے اگادی سے باریک چاول کی سربراہی کا پروگرام شروع کیا ہے۔ جس کا مقصد تلنگانہ کے ہر شخص کو باریک چاول فراہم کرنا ہے۔

RAJNATH:

مرکزی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج اس بات کو دہرایا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کی پالیسی صفر رواداری پر مبنی رہے گی۔

Sound Byte